(ادارہ)

تعارف و تبصرہ کتب

مطالعۂ قرآن | مصنف مولانا محمد حنیف ندوی ۔ ناشر ۔ ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ ۔ کلب روڈ ۔ لاہور

صفحات ۳۱۰ ۔ قیمت ۲۵ روپے

قرآن مجید وہ آخری صحیفۂ ربانی ہے جو بنی نوع انسان کی دنیوی اور اخروی کامیابی کا ضامن ہے مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس کتاب زندگی کی طرف وہ توجہ نہیں دی جا رہی جس توجہ کی یہ متقاضی ہے خوش قسمت ہیں وہ اصحاب علم اور اہلِ قلم جو قرآن حکیم سے لگاؤ پیدا کرنے اور اس کے رموز و معارف اجاگر کرنے میں مصروف ہیں ۔ حال ہی میں مولانا محمد حنیف ندوی صاحب کی زیرِ تبصرہ کتاب "مطالعۂ قرآن" شائع ہوئی ہے ۔

قرآنی علوم و معارف کے جملہ پہلوؤں کو متوسط ضخامت کی کسی ایک کتاب میں سمیٹ لینا ممکن نہیں ۔ اور بجا طور پر مولانا ندوی صاحب نے چند اہم مباحث منتخب کئے ہیں ۔ انہوں نے قرآن حکیم کے تصورِ وحی و تنزیل کے بعد تمہیدی مباحث کے طور پر کتبِ سابقہ کا جائزہ پیش کیا ہے ۔ کیونکہ قرآن حکیم اسی فیضِ ربانی کی آخری اور مکمل کڑی ہے جس کا اظہار اپنے وقت پر زبور، تورات اور انجیل کی شکل میں ہوا تھا ۔ مولانا موصوف نے عہدِ جدید کی اناجیل اربعہ اور عہد نامہ عتیق کی اسفارِ خمسہ (پیدائش ۔ خروج ۔ احبار ۔ گنتی اور استثنار) پر مسیحی علماء کے حوالے سے فکر انگیز گفتگو کی ہے ابتدائی مباحث کے بعد علومِ قرآنی کے مختلف عنوانات پر روشنی ڈالی ہے ۔ ۔ **(اختر راہی)**

الصواعق القہریہ علے جاجم الدہریہ (پشتو) | تالیف ۔ مولانا محمد شعیب فاضل دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

صفحات ۲۲۴ ۔ قیمت ۱۰ روپے ملنے کا پتہ ۔ مولوی محمد شعیب کوٹکی چار منگ ۔ باجوڑ ایجنسی

دورِ حاضر کا عظیم سامراج کمیونزم گرم پانی تک پہنچنے کا خواب دیکھ رہا ہے ۔ اس کی حریص نگاہیں بشمول پاکستان براعظم افریقہ اور مشرقِ وسطیٰ پر مرکوز ہیں ۔ افغانستان میں زبردست مدافعت کی وجہ سے اب اس کے پاؤں کچھ رک گئے ہیں ۔ اب اگرچہ اس دام ہمرنگ زمین کی دسیسہ کاریوں اور انسانیت سوز مذہب بیزار اور دشمن اخلاق عزائم سے مسلمانانِ عالم واقف ہو چکے ہیں ۔ لیکن پھر بھی بعض ناواقف لوگ اس کی حقیقت و ماہیت سے آگاہ نہیں اس لئے فاضل مؤلف نے اس ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے نہایت ہی دل نشیں اور سلجھے ہوئے انداز میں یہ کتاب ترتیب دی ہے ۔

فاضل مؤلف مادرِ علمی دار العلوم حقانیہ کے فارغ التحصیل ہیں ۔ قلمی جہاد کے علاوہ عملی جہاد میں بھی روسی سامراج